کے عنوان کے تحت مختصر الفاظ میں سورت کے مضامین کا خلاصہ دیا گیا ہے۔

کتاب کے آغاز میں قرآن کریم کے متعلق اہم موضوعات پر چند مفید مضامین بھی ہیں۔اسی طرح ضمیمہ کے طور پر درجن بھر کارآمد اور معلوماتی تحریریں کتاب کے آخر پر موجود ہیں۔یوں الفرقان (پارہ عمّ) کے مطالعہ سے ضخیم تفاسیر کا خلاصہ مل جاتا ہے۔

مصنف اپنا مقصود بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''الفرقان کو چھاپ کر مادی نفع حاصل کرنے کا ادنیٰ سا خیال بھی ذہن میں نہیں ہے'بس فکر ہے تو یہی کہ اُمت مسلمہ قرآن جیسی گوہرِ نایاب کتاب کو مقصدِ حیات بنا کر اپنی عظمت رفتہ کو پھر سے پالے''۔(ص ۱۳)

شیخ عمر فاروق یہ کتاب اُن لوگوں کو ہدیۃً دے رہے ہیں جو اس سے فائدہ اٹھانے کا عزم رکھتے ہوں' کسی جگہ درس قرآن دے رہے ہوں یا قرآن کو سمجھنے کا شوق رکھتے ہوں۔یہ بات یاد رہے کہ وہ یہ کتاب بذریعہ ڈاک نہیں بھیجتے بلکہ ضرورت منداُن سے مل کر بالمشافہ حاصل کر سکتے ہیں۔کتاب کی تیاری میں عمدہ سفید کاغذ استعمال کیا گیا ہے اور کمپوزنگ نہایت خوبصورت ہے۔کتاب حقیقی خوبیوں کے ساتھ ساتھ حسن ظاہری سے بھی مالا مال ہے۔ٹائٹل دلکش اور جلد مضبوط ہے۔

(۲)

نام کتاب : قرآن مجید کا مختصر اشاریہ

مصنف : ڈاکٹر اطہر محمد اشرف

ضخامت : 236 صفحات ۔ قیمت:160 روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ ھدیٰ للناس' B-268 ماریہ اپارٹمنٹ' بلاک 1' مین ناگن چورنگی' نارتھ کراچی

قرآن مجید اسلامی تعلیمات کا اوّلین سرچشمہ ہے۔ یہ تمام لوگوں کے لیے ہدایت ہے۔قرآن مجید صرف ثواب کی خاطر پڑھنے کی کتاب نہیں بلکہ یہ تو ضابطۂ حیات ہے۔اس کا موضوع انسان ہے۔یہ انسان کو اللہ کا بندہ بن کر زندگی گزارنے کا سلیقہ سکھاتا ہے۔اس کی تعلیمات پر عمل کرنے والا دنیا میں بھی پُرسکون زندگی گزارتا ہے اور آخرت میں بھی وہ ابدی اور لازوال نعمتیں پائے گا۔اس لیے لازمی ہے کہ قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھا جائے۔اس ضمن میں بہت سے لوگوں نے کام کیا ہے۔مختلف زبانوں میں اس کے تراجم ہوئے اور تفسیریں لکھی

گئیں تا کہ دنیا میں بسنے والے تمام انسان اس پیغامِ حق کو سمجھ سکیں۔ قرآن مجید کے فہم کو آسان سے آسان تر انداز میں پیش کرنے کے لیے علماء نے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں روز مرّہ معاملات اور آخرت کو موضوع بنایا گیا ہے اور یہ سہولت فراہم کر دی گئی ہے کہ پڑھنے والا جس عنوان پر معلومات حاصل کرنا چاہے اس کے حوالہ جات اسے ایک جگہ پر مل جائیں' اور وہ قرآن مجید کی متعلقہ آیات کو پڑھ کر مکمل معلومات حاصل کر لے۔ مزید سہولت کی خاطر ضمنی عنوانات حروفِ تہجی کے لحاظ سے ترتیب دیے گئے ہیں تا کہ متعلقہ موضوع آسانی سے تلاش کیا جا سکے۔ الغرض یہ کتاب نہ صرف علمائے کرام اور طلبہ و طالبات کے لیے مفید ہے بلکہ ہر اُس شخص کے لیے بھی نفع بخش ہے جو اللہ کے کلام کو سمجھنا چاہے۔

کتاب کے شروع میں اہل علم و دانش کی آراء درج کی گئی ہیں جو انہوں نے اس کتاب کے بارے میں دی ہیں۔ یہ کتاب ہر پڑھے لکھے مسلمان گھرانے کی ضرورت ہے۔ کتاب کی کمپوزنگ میں کہیں کہیں اغلاط رہ گئی ہیں جن کی اصلاح ہونی چاہیے۔

(۳)

نام کتاب : مثالی استاد

مؤلف : حافظ محبوب احمد خان

ضخامت : 448 صفحات ۔ قیمت: 100 روپے

ملنے کا پتہ : مکتبہ رحمۃ للعالمین' جامع مسجد رحمۃ للعالمین' نذیر پارک' نزد ڈی ایم پبلک ہائی سکول غازی روڈ لاہور۔ موبائل: 0301-4870097

حافظ محبوب احمد خان شوقِ مطالعہ رکھنے والے صالح نوجوان ہیں۔ اسلامی تعلیمات کو عام کرنے کا قابل قدر جذبہ رکھتے ہیں۔ دینی موضوعات پر مضامین لکھتے رہتے ہیں۔ اگرچہ وہ شعبۂ تدریس سے باضابطہ منسلک نہیں ہیں' تاہم انہوں نے ایک اسلامی مراسلاتی مدرسہ بنایا ہوا ہے جس کے تحت چار مراسلاتی کورس بعنوان (۱) اسلام کیا ہے؟ (۲) ترجمہ قرآن کریم' (۳) آدابِ معاشرت اور (۴) دستورِ حیات جاری و ساری ہیں۔ ان کورسز کو جید عرب اور مقامی علماء کرام کی کتب سے ترتیب دیا گیا ہے' جن کے ذریعے ملک بھر میں زندگی